(۲)

نام کتاب اسلام اور معاشی تحفظ (ترجمہ)

ترجمہ جناب پروفیسر عبد الحمید صدیقی مرحوم

(اصل) مشکلات الفقر وکیف علاجہا الاسلام علامہ یوسف قرضاوی

صفحات ۱۷۰

قیمت -/۹ روپے

پتہ البدر پبلی کیشنز۔ ۴۰ بی، اردو بازار لاہور

علامہ یوسف قرضاوی دورِ حاضر کے ان افاضل کی صفِ اول کی ایک عظیم شخصیت ہیں جنہوں نے اسلامی معاشیات کا نہایت دقتِ نظر سے مطالعہ کیا ہے۔ علامہ موصوف اس سلسلے میں اپنا ایک منفرد مقام رکھتے ہیں جو قابلِ رشک بھی ہے اور باعثِ فخر بھی۔ موصوف کی نگارشات میں دو باتیں بالخصوص نمایاں نظر آتی ہیں، ایک یہ کہ وہ غیروں کے علوم و فنون سے مرعوب نہیں ہیں، اس لئے ان کی تحریر میں نقالی کے جراثیم بالکل نہیں پائے جاتے۔

دوسری خوبی ان کی یہ ہے کہ کتاب و سنت کی تعلیمات کے سلسلے میں علامہ موصوف کو پورا شرحِ صدر حاصل ہے۔ اس لئے وہ اپنی نگارشات میں اسلام پر نازاں تو نظر آتے ہیں لیکن اس سلسلے میں معذرت کی بات ان میں دکھائی نہیں دیتی۔

مشکلات الفقر وکیف عالجہا الاسلام مؤلفہ علامہ موصوف انہی خصائص کا ایک مرقع ہے، گو دیکھنے میں اس میں "زکوٰۃ" کا ہی ذکر ملتا ہے تاہم اس میں جو انداز اختیار کیا گیا ہے۔ اس نے اسلامی معاشیات کے بہت سے ابواب کے سمجھنے کے لئے راہ آسان کر دی ہے

اسلام اور معاشی تحفظ اسی کا ترجمہ ہے جو درویش منش اور خاموش فاضل پروفیسر عبد الحمید صدیقی رحمۃ اللہ علیہ نے کیا تھا۔ ترجمہ کیا ہے اس پر اصل کا گماں ہوتا ہے۔

کتاب سات ابواب پر مشتمل ہے اور ہر باب میں "درِ منثورہ" کا ایک بحرِ بے کنار ہے جو پھیلا ہوا ہے۔

باب اول غربت اور افلاس کے بارے میں مختلف نقطہ ہائے نظر۔

باب دوم سرمایہ داری اشتراکیت اور اسلام۔

باب سوم افلاس کو دور کرنے کے لئے اسلامی تدابیر

باب چہارم اسلامی نظامِ معیشت میں زکوٰۃ کی اہمیت۔